# خیبر پختون خواہ فنانس ایکٹ ۱۹۹۹

## خیبر پختون خواہ ایکٹ نمبر V آف ۱۹۹۹

یہ ایکٹ ۵ جولائی ۱۹۹۹ کو گورنر خیبر پختون خواہ کی منظوری کے بعد خیبر پختون خواہ گزٹ میں شائع ہوا۔

یہ ایکٹ ٹیکسوں محصولوں اور فیس کو جاری، عائد، نافذ اور نظر ثانی کرے گا۔

دیباچہ: ہرگاہ خیبر پختون خواہ فنانس ایکٹ کا قیام قرین مصلحت ہے۔

یہ مندرجہ ذیل طور پر نافذ ہوگا۔

1۔عنوان، وسعت اور آغاز:۔(1) یہ ایکٹ خیبر پختون خواہ فنانس ایکٹ ۱۹۹۹ کہلائے گا۔

2 یہ پورے خیبر پختون خواہ میں نافذ العمل ہوگا۔

3 یہ ایکٹ یکم جولائی ۱۹۹۹ سے نافذ العمل ہوگا۔

2۔تعریفیں: ماسوائے ایسی بات کے جو اس قانون میں منافی مطلوب ہو،۔

ا۔حکومت: حکومت سے مراد ''حکومت خیبر پختون خواہ''۔

ب۔مرتب سے مراد وہ قوائد ہیں جو اس قانون کے تحت مرتب کئے گئے ہوں۔

پ۔جدول سے مراد اس قانون کا جدول ہے۔

3. گاڑیوں کی فیس کے ریٹ میں اضافہ۔ ہر چند کوئی چیز جو پروونشل موٹر وہیکلز آرڈیننس، ۱۹۶۵ (W.P.Ord.XIX1 of 1965) اس کے تحت جو قوائد بنے ہیں یا جو کسی بھی نافذ العمل قانون میں متضاد پائی جاوے،۔

(ا) وہ موٹر وہیکل جو جدول ا کے کالم ۲ میں مخصوص کیا گیا ہے اس کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ میں کسی بھی تبدیلی کے لیئے وہ فیس لاگو ہوگی جو کالم ۳ مختص کی گئی ہے۔

(ب)۔وہ موٹر وہیکل جو جدول II کے کالم ۲ میں مخصوص کیئے گئے ہیں یا کوئی اور وہیکلز جن کو حکومت نوٹیفائی کرے، ان کے موجودہ رجسٹریشن کے ریٹ اور ٹوکن ٹیکس کے لیئے، اس ریٹ پر ٹیکس لاگو ہوگا جو بالترتیب کالم ۳ اور ۴ میں مختص ہوا ہوگا۔

(ب) وہ گاڑیاں جدول II کالم ۲ کے نمبر شمار ۳ پر مخصوص کی گئی ہیں یا وہ گاڑیاں جن کو حکومت نوٹیفائی کرے، ان پر موجودہ ٹیکس کے لیئے وہ ٹیکس لاگو ہوگا جو کالم ۴ میں مختص ہوگا۔

4. نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن۔۔۔(۱) خیبر پختون خواہ میں تمام نجی تعلیمی ادارے جو جدول III کے کالم ۲ میں مختص کیئے گئے ہیں ان کی رجسٹریشن مرتب کردہ طریقہ کار کے مطابق رجسٹریشن فیس کی ادائیگی پر، جو کہ متعلقہ تعلیمی ادارے کے لیئے کالم ۳ میں مختص کی گئی ہے اور اس اختیار کنندہ کے پاس ہوگی جس کو حکومت نوٹیفائی کرے گی۔

(۲)۔ جو رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ذیلی دفعہ ا کے تحت جاری ہوگا وہ صرف ایک سال کے لیئے جائز ہوگا اور اس کی تجدید اس فیس کی ادائیگی پر ہوگی جو متعلقہ تعلیمی ادارے کی تجدید کی فیس کے لیئے جدول III کے کالم ۴ میں مختص ہوگی۔

(۳) خیبر پختون خواہ فنانس ایکٹ، ۱۹۸۳ (khyber PakhtunKhwa Ord. VII of 1983) حذف کردی جائے گی۔

(5. حذف شد)

6. ۱۸۹۹ کے ایکٹ II کی ترمیم۔۔۔ شٹامپ ایکٹ ۱۸۹۹ (II of 1899) میں آرٹیکل ۵ کے جدول ا کی شق (۱) میں ہندسے "۲۰۰"، "۵۰۰"، "۱۰۰۰"، "۲۰۰۰" اور "۴۰۰۰" بالترتیب ہندسے "۲۵۰"، "۵۷۵"، "۱۲۰۰"، اور "۴۴۰۰" سے بدلے جائیں گے۔

7. ویسٹ پاکستان ۱۹۵۸ کے ایکٹ II کی ترمیم۔۔۔۔ ویسٹ پاکستان اربن امموو ایبل پراپرٹی ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ (W.P Act V of 1958) میں،۔

(ا) دفعہ ۳ میں،۔

(i) ذیلی دفعہ ۲ میں فُل سٹاپ جو دوسری شرط کے آخر میں ظاہر ہو رہا ہے اُس کو کالن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرط شامل کی جائے گی یعنی:

"شرط یہ بھی ہے کہ ہر وہ کمرشل بلڈنگ جس پر سالانہ ٹیکس کا تخمینہ ایک لاکھ یا زیادہ لگا ہے اس کے علاوہ اس پر ٹیکس کا دس فیصد سرچارج لاگو ہوگا۔ اور

(ii) ترمیم شدہ ذیلی دفعہ ۲ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل ہوگی، یعنی:

"(2a) ٹیکس کی ۱۰ فیصد چھوٹ جسکا تخمینہ ذیلی دفعہ ۲ کے تحت لگایا گیا ہوگا وہ صرف ان کے لیئے ہوگی جو متعلقہ سال کے ۳۱ اگست سے پہلے پیشگی ٹیکس ادا کریں گے۔" اور

(ب) دفعہ ۴ کی شق (ب) الفاظ "عمارات اور زمینوں" اور الفاظ "جس کا رقبہ" کے درمیان کا مے اور الفاظ "کمرشل عمارتیں کے

علاوہ''شامل کیئے جائیں گے۔اور

(پ) جدول میں،۔

(i) پارٹ۔ا کے بعد مندرجہ ذیل نیا پارٹ۔A-I شامل کیاجائے گا اور جولائی ۱۹۹۷ کے پہلے دن سے شامل تصور کیاجائیگا، یعنی:

''پارٹ۔A-I تعلیمی عمارتیں

| نمبر شمار | معینہ مقام | نچلی منزل اور پہلی منزل کا ڈھکے ہوئے ایریا کی بنیاد پر ریٹ۔ | تہ خانہ اور اوپر کی منزلوں کا ڈھکے ہوئے ایریا کی بنیاد پر ریٹ |
|---|---|---|---|
| ا | ۲ | ۳ | ۴ |
| ا | صوبائی صدر مقام پر | ۴روپے فی مربع فیٹ | ۲روپے فی مربع فیٹ |
| ۲ | ڈویژنل صدر مقام | ۲روپے فی مربع فیٹ | اروپیہ فی مربع فیٹ |
| ۳ | ضلعی صدر مقام | اروپیہ فی مربع فیٹ | اروپیہ فی مربع فیٹ |

(ii) پارٹ II میں کالم ۳،۴اور ۵ میں، الفاظ''ڈھکے ہوئے ایریا کی بنیاد پر'' ہر اندراج کے ساتھ شامل کیئے جائیں گے۔

8. ۱۹۹۰ کے ایکٹ IV کی ترمیم،۔۔۔خیبر پختون خواہ فنانس ایکٹ ۱۹۹۰ (خیبر پختون خواہ ۱۹۹۰ کا ایکٹ IV) میں،۔۔

(ا) موجودہ دفعہ ۷ کے نمبروں کوتبدیل کرکے ذیلی دفعہ (ا) اُس دفعہ کی کی جائے گی اور ذیلی دفعہ (ا) کے بعد جس طرح دوبارہ طرتیب دی گئی، مندرجہ ذیل ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی، یعنی:

''(۲) یہ متعلقہ ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسر کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ اس بندے سے ٹیکس وصول کرے، جس پر ٹیکس لاگو ہوتا ہو، ناکامی کی صورت میں ٹیکس متعلقہ ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسر سے اس طرح وصول کیا جائے گا جس طرح لینڈ ریونیو کے بقایا جات وصول کیئے جاتے ہیں۔''، اور

(ب) دفعہ ۷ کے جدول میں،۔۔

(i) کالم ۳ کے نمبر شمار ۳ میں''۷۵۰ روپے'' کے ساتھ''۵۰۰۰ روپے'' بدلے جائیں گے۔

(ii) کالم ۲ کے نمبر شمار ۶ میں موجودہ اندراج مندرجہ ذیل طور پر بدلا جائیگا، یعنی

''ٹریول ایجنٹس اور ان کی متند شاخیں۔''

(iii) موجودہ ہند سے جو کالم ۳ نمبر شمار ۱۰ (c) اور (b) (a) کے سامنے ہیں وہ بالترتیب ہند سے "۳۰۰۰"، "۵۰۰"، اور "۳۰۰" کے ساتھ بدلے جائیں گے۔

(iv) کالم ۲ کے نمبر شمار میں جو اندراج ہے۔اس میں الفاظ "تمام شاخوں کی" الفاظ "شیڈیولڈ بنک" سے پہلے شامل کیئے جائیں گے۔

9. خیبر پختون خواہ ۱۹۹۵ کے ایکٹ ا کی ترمیم۔خیبر پختون خواہ فنانس ایکٹ ۱۹۹۵ (خیبر پختون خواہ ۱۹۹۵ کا ایکٹ ا) میں، دفعہ ٦ کی ذیلی دفعہ (۸) میں الفاظ "دو ہزار" اور الفاظ "ایک ہزار" کی جگہ بالترتیب الفاظ "پانچ ہزار" اور الفاظ "دو ہزار" لیں گے۔

10. خیبر پختون خواہ ۱۹۹٦ کے ایکٹ ا کی ترمیم۔خیبر پختون خواہ فنانس ایکٹ ۱۹۹٦ (خیبر پختون خواہ ۱۹۹٦ کا ایکٹ ا) میں،

(ا) دفعہ ۱۰ میں الفاظ "سپرینٹنڈ ینٹ آف پولیس" کی جگہ الفاظ "ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر" لیں گے۔

(۲) دفعہ ۱۱ کے لیئے مندرجہ مندرجہ ذیل تبدیل ہوگا، یعنی:

"۱۱۔تمباکو کی نشونما کا محصول (ا)۔تمباکو پر ۲ روپے فی کلوگرام کے ریٹ سے اسکی نشونما کا محصول عائد اور وصول کیا جائے گا۔

(۲)۔جو محصول ذیلی دفعہ (ا) کے تحت قابل عائد کی ہے وہ متعلقہ فیکٹریوں سے براہ راست تمباکو کے کوٹہ کے مطابق وصول کیا جائے گا۔

(۳)۔یہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ ٹیکس اکٹھا کرے اور اس کی عمل پذیری کے بعد حکومت کے کھاتہ میں جمع کرے۔

11. قابل ٹیکس خدمات کی بابت اجازت نامہ۔۔(ا)۔حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن ذریعہ وفاقی حکومت کو اجازت دے سکتی ہے کہ وہ قابل ٹیکس خدمات جو دی گئی ہیں یا لی گئی ہیں اس طریقہ کار اور ان شرائط پر جو نوٹیفکیشن میں دی گئی ہیں۔

(۲)۔وفاقی حکومت ٹیکس میں یا ٹیکس کے کسی حصہ میں جو صوبہ حصہ میں آتا ہے کے کسی کھاتے میں یا صوبہ کے حصہ میں جو واجبات آتے ہیں، ان میں کوئی کٹوتی، کوئی ترمیم یا ٹیکس کو نہیں روکے گی اور ٹیکس کی رقم فوراً ماہانہ بنیادوں پر صوبہ کے کونسولیڈیٹڈ فنڈ میں جمع کرے گی۔

12. موجودہ قوانین کا اطلاق۔۔جہاں کوئی ٹیکس، فیس یا محصول اس ایکٹ یا کسی اور مروجہ قانون کے تحت موجودہ ٹیکس، فیس یا محصول میں اضافی طور پر شامل ہوا ہو اس کی تشخیص، اکٹھا کرنے اور وصولی کرنے کا وہی طریقہ کار اپنایا جائے گا جو اس قانون اور اس قانون کے تحت جو قوائد ہیں جہاں تک قابل عمل ہو، ان کا اطلاق اضافی ٹیکس، فیس اور محصول کی تشخیص، اکٹھا کرنے اور جمع کرنے پر ہوگا۔

13. سول عدالت میں دعوی پر پابندی۔۔۔اس قانون اور اس کے قوائد کے تحت جو ٹیکس کی تشخیص یا نفاذ ہو گیا جو ٹیکس، فیس یا ڈیوٹی جمع ہو گی اس کی منسوخی یا تبدیلی کے لیئے عدالت دیوانی میں کوئی دعوی دائر نہیں ہو سکتا۔

14. قوائد بنانے کے اختیارات:۔۔حکومت اس قانون پر عمل درآمد کے لیئے قوائد بنا سکتی ہے اور یہ قوائد دوسرے معاملات کے علاوہ کسی بھی ٹیکس، فیس یا محصول کی تشخیص، وصولی اور ادائیگی یا اس قانون کے تحت کسی بھی جرمانہ کے نفاذ کے لیئے طریقہ کار مرتب کرتے ہیں اگر ان کا طریقہ کار اس ایکٹ میں وضع ہیں۔

15. ویسٹ پاکستان ۱۹۵۸ کے ایکٹ XXXVIII کی منسوخی۔ویسٹ پاکستان تمباکو وینڈ ایکٹ، ۱۹۵۸ (ویسٹ پاکستان ۱۹۵۸ کا ایکٹ XXXVIII) منسوخ کیا جاتا ہے۔

جدول۔ا

(دفعہ۳ملاحظہ کی جائے)

| نمبر شمار | تبدیلی کی تفصیل | فیس کا ریٹ |
|---|---|---|
| ا | ۲ | ۳ |
| ا | انجن میں تبدیلی | |
| | (ا)۔۱۰۰۰سی۔سی سے ۱۶۰۰سی۔سی | ۱۰۰۰روپے |
| | (ب)۔۱۶۰۰سی۔سی سے اوپر | ۳۰۰۰روپے |
| ۲ | بیٹھنے کی صلاحیت میں تبدیلی | |
| | (ا)۔۲۴۴۶سی۔سی گاڑیوں کی حد تک | ۲۰۰۰روپے |
| | (ب)۔۲۴۴۶سی۔سی گاڑیوں سے اوپر | ۵۰۰۰روپے |

## جدول۔II

(دفعہ۳(b) اور (c) ملاحظہ کریں)

| نمبر شمار | گاڑیوں کی تفصیل | ٹیکس کی رجسٹریشن | ٹوکن ٹیکس |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
| ۱ | مرسڈیز بینز، بی۔ایم۔ڈبلیو، جاگوور، رولز رائس یا وہ گاڑیاں جو نوٹیفائی ہو سکتی ہیں۔ | | |
| | (ا)۔ جب انجن کی صلاحیت ۲۰۰۰ سی سی تک ہو۔ | پوری قیمت کا ۲ فیصد | ۵۰۰ روپے فی سیٹ سالانہ |
| | (ب)۔ جب انجن کی صلاحیت ۲۰۰۰ سی سی سے زیادہ ہو۔ | پوری قیمت کا ۳ فیصد | ۵۰۰ روپے فی سیٹ سالانہ |
| ۲ | لینڈ کروزر پیٹرول، پجارو، رینج روور یا کوئی بھی پر آسائش جیپ اور ڈبل کیبن پک اپ جس کے انجن کی صلاحیت ۲۵۰۰ سی۔سی یا اس سے اوپر ہو یا اسی طرح کی کوئی اور گاڑیاں جن کو حکومت نے نوٹیفائی کیا ہوا ہو۔ | پوری قیمت کا ۳ فیصد | ۵۰۰ روپے فی سیٹ سالانہ |
| ۳ | (i) بسیں جو روٹ 'A' پر چل رہی ہوں۔ | ---- | ۱۸۰ روپے فی سیٹ سالانہ |
| | (ii) بسیں جو روٹ 'B' پر چل رہی ہوں۔ | ---- | ۱۴۰ روپے فی سیٹ سالانہ |

جدول۔III

(دفعہ۴ملاحظہ کریں)

| نمبر شمار | تعلیمی کی تفصیلات | رجسٹریشن کی فیس | تجدید کی فیس |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
| ۱ | پرائمری اور مڈل سکولز | ۲۰۰۰روپے | ۱۰۰۰روپے |
| ۲ | ہائی سکولز، ہائیر سکینڈری سکولز اور کمپیوٹر ٹریننگ سنٹرز | ۵۰۰۰روپے | ۲۵۰۰روپے |
| ۳ | میڈیکل کالجز، انجینئرنگ کالجز، بزنس انفامیشن ٹیکنالوجی انسٹیٹیوشنز اور یونیورسٹیز | ۱۰۰۰۰۰روپے | ۱۰۰۰۰روپے |